سوال

(59)زمین دار کی بھینٹی بیگاری حق حکومت اور لگان وغیرہ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

زید کاشتکار ہے۔زمین دار کی بھینٹی بیگاری حق حکومت اور لگان وغیرہ میں سالانہ صرف جو زید کا ہوا کرتا ہے وہ پیداوار کے دسویں حصہ سے کسی طرح کم نہیں بلکہ زیادہ ہوا کرتا ہے۔البتہ فصل آسمانی بارش یا اس تالاب سے آب پاشی بر ہوجاتی ہے جوزمیندار کی طرف رعایا کی زمین کی آبپاشی کےلئے تیار کیا گیا ہے۔آبپاشی پر کوئی رقم زید کی نہیں لگتی۔ایسی حالت میں زید پر زکوۃ پیدوار کا دسواں حصہ لگے یا بیسواں یا نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

تالاب سے کھیت تک پانی پہنچانے پر بھی خرچ ہوتا ہوگا وہ خرچ زمین دار کرتا ہے تو کاشتکار پر پیدوار کا بیسواں حصہ ہے اوراگر کاشتکار پہنے تو بیسویں حصہ میں بھی تخفیف ہوگی۔(اہل حدیث)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاوی علمائے حدیث

جلد 7 ص 144

محدث فتویٰ